www.mashriqquetta.com.pk

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | جمعہ 22 جمادی الاول 1447ھ 14 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 130
رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

صوبائی اپیکس کمیٹی کا اجلاس: بھتہ خوری، سونے کی اسمگلنگ، منی لانڈرنگ اور وائٹ کالر جرائم کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی اپیکس کمیٹی کا 20 ویں اجلاس کا انعقاد کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان سمیت اعلیٰ عسکری اور سول حکام نے شرکت کی

اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت اور مفاد عامہ سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی غور و خوض، کمیٹی کے فیصلوں پر عملدرآمد کی پیش رفت کا جائزہ

ایف آئی اے بلوچستان کی کارکردگی پر اظہار عدم اطمینان کارروائیوں کو مزید موثر اور تیز کرنے کی ہدایت، ریاست مخالف اور منافرت انگیز اشاعتی مواد پر مکمل پابندی عائد کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ میں گیس پریشر میں کمی کے باعث عوام کو مشکلات کا سامنا ہے گیس کمپنی فوری ازالہ کرے، لوڈشیڈنگ سے متعلق وفاقی وزارت کو مراسلہ بھی ارسال کیا جائے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان

صوبائی انٹیلی جنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سینٹر کا افتتاح، پولیس، لیویز، سی ٹی ڈی، فرنٹیئر کور، ایف آئی اے، خفیہ ادارے، معلومات کے تبادلے اور بروقت خطرات کی نشاندہی کے عمل میں شامل ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صوبائی اپیکس کمیٹی کا 20 واں اجلاس جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان سمیت اعلیٰ عسکری اور سول حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیکورٹی صورتحال...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے جمعرات کو محکمہ داخلہ میں صوبائی انٹیلی جنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سینٹر (PIFTAC) کا باقاعدہ افتتاح کیا یہ جدید مرکز وفاقی قانون نافذ کرنے والے اداروں، صوبائی ایجنسیوں اور ضلعی انتظامیہ کے...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

علیمہ خان کے شیئرز فریز کرنے کا حکم

عدالت نے نویں مرتبہ ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کر دیئے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کی سماعت کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کے شیئرز فریز کرنے کا حکم دے دیا۔ سماعت کے دوران چیئرمین ایس ای سی پی نے علیمہ خان کی کمپنیز سے متعلق رپورٹ عدالت میں جمع کرا دی۔ عدالت نے دیگر 2 کمپنیوں کے خلاف بھی قانون کے مطابق کارروائی کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے رپورٹ جمع کرانے پر سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو اور سیکرٹری کوآپریٹوز پنجاب، ڈی جی لینڈ...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے مسلم لیگ ن مستونگ کا وفد ملاقات کر رہا ہے

بھارت افغانستان سے ہونیوالی دہشتگردی کی پشت پناہی کر رہا ہے: خواجہ آصف

اسلام آباد دھماکے میں بھی افغان شہری ملوث نکل آئے، کابل ذمہ داری نہیں بھی لیتا تو یہ شہادت ساری دنیا کے سامنے ہے

دہشتگردی کے پیچھے عناصر کا زمین کے آخری کونے تک پیچھا کریں گے، وزیر دفاع کی اسلام آباد میں میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا ہے کہ افغانستان دہشتگردی کی اور بھارت افغانستان کی پشت پناہی کر رہا ہے۔ اسلام آباد میں کہا کہ وانا میں پہلے کے حملے میں بھی افغان شہری ملوث تھے اور اب اسلام آباد دھماکے میں بھی افغان شہری نکل آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بار بار افغانستان کو بتا رہے ہیں مگر کابل ذمہ داری نہیں بھی لیتا تو یہ شہادت...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کیڈٹ کالج وانا میں کلیئرنس آپریشن کے بعد پاک فوج کے جوان الرٹ کھڑے ہیں

سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور اور جسٹس اطہر نے عہدے سے استعفیٰ دیدیا

27 ویں آئینی ترمیم آئین پاکستان پر سنگین حملہ ہے، سپریم کورٹ کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے، جسٹس منصور

27 ویں ترمیم نے ہماری آئینی جمہوریت کی روح پر کاری ضرب لگائی، استعفیٰ صدر کو بھجوا دیا

آئین سے وفاداری کا وعدہ کیا ہے، میرا حلف کسی فرد یا ادارے سے نہیں، آئین پاکستان سے تھا، جسٹس اطہر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس اطہر من اللہ نے عہدے سے استعفیٰ دے دیا، میڈیا رپورٹ کے مطابق ذرائع نے بتایا کہ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی نے آرمی، نیوی اور ایئرفورس کے ترمیمی بلز 2025 سمیت چار بلز کی منظوری دیدی، نئے نوٹیفکیشن کے بعد آرمی چیف کی مدت دوبارہ سے شروع ہو گی، جسٹس امین الدین خان کی چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت تقرری کا نوٹیفکیشن جاری

صدر کی منظوری کے بعد 27 ویں ترمیم آئین کا حصہ بن گئی: جسٹس امین الدین وفاقی آئینی عدالت کے پہلے چیف جسٹس مقرر، فیلڈ مارشل عاصم منیر 5 سال کیلئے چیف آف ڈیفنس فورسز ہونگے

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی اپیکس کمیٹی کے 20 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان بھی شریک ہیں

چیف آف ڈیفنس پاک فوج کے تمام شعبوں کی ری اسٹرکچرنگ اور انضمام کریں گے، وزیراعظم آرمی چیف، چیف آف ڈیفنس کی سفارش پر کمانڈر نیشنل اسٹریٹیجک کمانڈ تعینات کریں گے

چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا عہدہ ختم کر دیا گیا تینوں بل وزیر دفاع خواجہ آصف نے پیش کیے، جس پر اسپیکر نے رائے شماری کرائی اور ایوان نے کثرت رائے سے منظوری دی

ایم کیو ایم کی ترمیم کو ہم نے سپورٹ کیا لیکن ترمیم کا حصہ نہ بن سکی ایم کیو ایم کے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ حلیف جماعتوں سے مشورہ کر کے معاملہ حل کریں گے، وزیراعظم کا قومی اسمبلی میں خطاب

امین الدین خان کا بطور چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا اطلاق عہدے کا حلف لینے کے دن سے ہوگا، جسٹس امین الدین اس ماہ کے آخر میں ریٹائر ہو رہے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قومی اسمبلی نے آرمی، نیوی اور ایئرفورس کے ترمیمی بلز 2025 کی کثرت رائے سے منظوری دے دی۔ جمعرات حکومت نے قومی اسمبلی میں 4 بل پیش کیے، قومی اسمبلی نے پاکستان نیوی ترمیمی بل 2025، پاکستان آرمی...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ نے 27 ویں آئینی ترمیم پر آج فل کورٹ اجلاس بلا لیا

جسٹس صلاح الدین پنہور کی درخواست کے بعد آئینی ترمیم کا شق وار جائزہ لیا جائے گا

فل کورٹ اجلاس میں لا اینڈ جسٹس کمیشن اور عدالتی پالیسی ساز کمیٹی بھی شامل ہوں گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے 27 ویں آئینی ترمیم پر بات چیت کے لیے فل کورٹ اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اجلاس آج جمعہ نماز سے قبل ہو گا اور اس میں آئینی ترمیم کا شق وار جائزہ لیا جائے گا۔ سپریم کورٹ کے تین ججز جسٹس منصور علی شاہ، جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس صلاح الدین پنہور...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کیڈٹ کالج وانا پر حملہ کرنیوالے تمام دہشتگرد افغان شہری نکلے

حملے کی منصوبہ بندی افغانستان میں ہوئی اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا حتمی حکم خارجی نور ولی محسود نے دیا

دہشت گردوں نے ٹی ٹی پی سے ذمہ داری ہٹانے کیلئے اردو میں بات چیت کی تاکہ افغان شناخت ظاہر نہ ہو

اسلام آباد دھماکے میں ملوث 7 مشتبہ سہولت کار گرفتار، راولپنڈی کی فوجی کالونی ڈھوک کشمیریاں میں کارروائی

پشاور، اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کیڈٹ کالج وانا پر حملہ کرنے والے تمام دہشت گرد افغان شہری نکلے، دہشت گردی کی منصوبہ بندی بھی افغانستان میں کی گئی اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا حتمی حکم فتنہ الخوارج کے سرغنہ خارجی نور ولی محسود نے دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق کیڈٹ کالج وانا پر حملہ کرنے والے تمام دہشت گرد افغان شہری تھے، حملے کی منصوبہ بندی افغانستان میں ہوئی اور اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا حتمی حکم خارجی نور ولی محسود نے دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گرد پوری کارروائی کے دوران افغانستان سے ملنے والی ہدایات پر عمل پیرا تھے، حملے کی منصوبہ بندی خارجی 'زاہد' نے کی، خارجی نور ولی محسود کے حکم پر حملے کی ذمہ داری...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ایوان بالا میں قومی اسمبلی سے ترمیم شدہ 27 ویں آئینی ترمیمی بل منظور، اپوزیشن کا شدید احتجاج

بل کے حق میں 64 جبکہ مخالفت میں 4 ممبران نے ووٹ دیا، پی ٹی آئی اور جے یو آئی کی نعرے بازی

چیئرمین سینیٹ نے پی ٹی آئی اور جے یو آئی کے منحرف اراکین کو دوبارہ ووٹ ڈالنے کی رولنگ دیدی

اسلام آباد (شاکر رحمان) ایوان بالا میں قومی اسمبلی سے ترمیم شدہ 27 ویں آئینی ترمیمی بل دو تہائی اکثریت سے منظور کر لیا گیا، بل کے حق میں 64 ممبران نے ووٹ دیا جبکہ مخالفت میں 4 ممبران نے ووٹ دیا۔ بل کی منظوری کے موقع پر پی ٹی آئی اور جے یو آئی سمیت اپوزیشن جماعتوں نے شدید احتجاج اور نعرے بازی کی، چیئرمین سینیٹ نے پی ٹی آئی اور جے یو آئی کے منحرف اراکین کو دوبارہ ووٹ ڈالنے کی رولنگ دیدی، جے یو آئی کے چار سینیٹرز نے بل کی مخالفت میں ووٹ دیا جبکہ پی ٹی آئی کے...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

سیف اللہ ابڑو کا تحریری استعفیٰ منظور نہیں ہوا، یوسف رضا گیلانی

اپوزیشن آئینی ترمیم میں جو بہتری چاہتی تھی وہ کر دی، چیئرمین سینیٹ

فلور آف دی ہاؤس شاہ محمود قریشی نے استعفیٰ کا اعلان کیا تھا، گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ سیف اللہ ابڑو کا استعفیٰ جب میرے پاس آئے گا تو میں انہیں بلاؤں گا، ہو سکتا ہے میں...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

وکلا کو مستعفی ججز کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، اسد قیصر

جسٹس منصور اور جسٹس اطہر کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی کے رکن اسد قیصر نے سپریم کورٹ سے مستعفی ہونے والے جسٹس منصور علی شاہ اور جسٹس...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج صبح 10 بجے ہوگا۔ اجلاس میں ایم پی اے میر اسد اللہ بلوچ پنجگور کے طلبا و طالبات میں لیپ ٹاپ کی عدم تقسیم جبکہ مولانا ہدایت الرحمٰن گوادر میں کھیلوں کی سرگرمیوں، فنڈز سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: متعدد سڑکوں کی بندش، شہر میں بدترین ٹریفک جام

شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا، موبائل انٹرنیٹ سروس بھی بدستور بند

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں متعدد سڑکوں کی بندش سے بدترین ٹریفک جام سامنا، موبائل انٹرنیٹ ڈیٹا سروس کی بندش سے شہری پریشان، تفصیلات...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کوئی مسئلہ نہیں، خوش ہوں، جسٹس محسن اختر کیانی کا وکیل سے مکالمہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے ایک کیس میں ریمارکس دیئے ہیں کہ جج ٹرانسفر سے مسئلہ نہیں خوش ہوں۔ جمعرات کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں جسٹس محسن اختر کیانی...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کمانڈر آف نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ کا ایک نیا عہدہ متعارف

جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی کا عہدہ جنرل ساحر شمشاد کی ریٹائرمنٹ کیساتھ ختم ہو جائیگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی نے آرمی ایکٹ میں اہم تبدیلیوں کی منظوری دے دی ہے جس کے بعد موجودہ آرمی چیف فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو ناصرف...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی شکایات کے ازالے کیلئے بلوچستان ہائیکورٹ کا اہم اقدام

عدالت عالیہ نے شکایات کے اندراج کیلئے ای میل اور واٹس ایپ نمبر جاری کر دیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ نے عدالتی نظام میں شفافیت، احتساب اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کیلئے ایک اہم اقدام اٹھاتے ہوئے عوامی شکایات...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

انہیں صرف ایک شخص کا ڈر ہے جو جیل میں ہے، بیرسٹر علی ظفر

ہم نے ن کے ساتھ عزت کا وقت گزارا، ہم پر بھی تہمت لگائی گئی، کامران مرتضیٰ

ن لیگ کو پیغام ہے جو آپ نے کیا، اچھا نہیں کیا، ایوان میں اظہار خیال

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ یہ آئینی عدالت بنانا چاہتے ہیں، انہیں صرف ایک شخص کا ڈر ہے جو جیل میں بیٹھا...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم میں تمام تبدیلیاں مکمل مشاورت سے کی گئیں، وزیر قانون

پڑھنے میں کچھ غلطیاں ہوئی ہونگی، منظور کرنے کے عمل میں غلطی نہیں ہوئی، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے سینیٹ کو آئینی ترمیم سے متعلق وضاحت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس ترمیم میں کوئی غلطیاں نہیں ہیں، تمام تبدیلیاں مکمل مشاورت سے کی گئیں۔ جمعرات کو ایوان بالا کے اجلاس میں...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

جعفر ایکسپریس اور بولان میل پانچویں روز بھی معطل رہی

ٹرین سروس کی بندش سیکورٹی خدشات کی بنا پر کی گئی، ریلوے حکام

کوئٹہ (اے این این) پاکستان ریلویز نے سیکورٹی خدشات کے پیش نظر بلوچستان سے دیگر صوبوں کے لیے ٹرین سروس کو مکمل معطل رکھا ہے، جس کے باعث کوئٹہ...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

معیاری تعلیم کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، گورنر بلوچستان

جامعات ہوں یا کالجز میرے لئے تمام تعلیمی ادارے یکساں ہیں، طلباء و طالبات کا مستقبل محفوظ بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے

بی ایس پروگرام سنگ بنیاد کے طور پر اپنی جگہ قائم ہے، مشاورت سے مثبت نتائج کی توقع رکھتے ہیں، وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ آج بھی بی ایس پروگرام سنگ بنیاد کے طور پر اپنی جگہ قائم ہے جس کیلئے ایک مضبوط بنیادی سٹرکچر کی...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

چاروں صوبوں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

اسلام آباد میں ایک، بلوچستان میں 19 منفی اور 4 مثبت نمونے سامنے آئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان انسداد پولیو پروگرام نے کہا ہے کہ اسلام آباد اور چاروں صوبوں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ ملک بھر کی سیوریج کے 127 میں سے 47 نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

آئندہ 15 روز کے لیے پیٹرولیم کی قیمتوں میں بڑے اضافے کا امکان

ہائی سپیڈ ڈیزل 9 روپے 60 پیسے، مٹی کا تیل 8 روپے 82 پیسے فی لیٹر مہنگا کرنے کی تیاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مہنگائی کا ایک اور طوفان آنے کو تیار، آئندہ 15 روز کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے ردوبدل کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق آئل انڈسٹری نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کے لیے اپنی ورکنگ مکمل کر لی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری کیخلاف دائر توہین عدالت درخواست ناقابل سماعت قرار

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی کا 11 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ضلعی عدلیہ کے جج کیخلاف بیانات پر وکیل ایمان مزاری...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ثانیہ مرزا نے مشکل وقت میں ساتھ دینے والوں کے نام بتادیئے

سنگل پیرنٹ کے طور پر اکیلے بچوں کی پرورش کے چیلنجز پر بھی روشنی ڈالی

ممبئی (م ڈ) سابق بھارتی ٹینس اسٹار اور پاکستانی کرکٹر شعیب ملک کی سابقہ اہلیہ ثانیہ مرزا نے بتایا کہ ان کے انتہائی مشکل...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

امن و استحکام کیلئے عوامی تعاون ناگزیر ہے، آئی جی ایف سی نارتھ

ایف سی ہر قدم پر عوام کیساتھ کھڑی ہے، فورسز کا مقصد عوام کی خدمت اور ان کے درمیان اعتماد و تعاون کو مضبوط کرنا ہے

مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع فورسز کو فوری دیں، میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ، کوئٹہ شہر کا دورہ، تاجروں و شہریوں سے ملاقاتیں

کوئٹہ (یو این اے) آئی جی ایف سی بلوچستان نارتھ میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ نے گزشتہ روز کوئٹہ شہر کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے شہریوں، تاجر برادری، مزدوروں اور دکانداروں سے براہ راست ملاقاتیں کیں اور ان کے روزمرہ مسائل، امن و امان اور کاروباری...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بنگلا دیش کے عبوری سربراہ کا ریفرنڈم کرانے کا اعلان

وزرائے اعظم کیلئے دو مدت کی حد اور صدارتی اختیارات میں توسیع کی تجویز

اصلاحات کے ہدف میں رکاوٹ نہیں آئے گی، انتخابات بہتر اور کم خرچ ہونگے

ڈھاکا (م ڈ) بنگلا دیش کے عبوری سربراہ محمد یونس نے انتخابات کے دن ریفرنڈم کرانے کا اعلان کیا ہے۔ محمد یونس کا قوم سے خطاب میں کہنا تھا کہ پارلیمانی انتخابات...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

نوتال سے اغواء ہونے والے دو مزدور بازیاب، گھر پہنچ گئے

نصیرآباد (نامہ نگار) نصیرآباد نوتال سے اغواء ہونے والے قیصرانی کمپنی کے دو مزدور بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے پولیس کے مطابق نصیرآباد پولیس تھانہ نوتال ربی کے علاقے...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہمیں لکھنے پڑھنے کی عادت نہیں، اس لیے غلطیاں ہو جاتی ہیں، واوڈا

اب مٹھائی بٹتی ہی نہیں، آئندہ دنوں میں چائے کی پیالی میں طوفان لانے کی کوشش کی جائے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ ہمیں لکھنے پڑھنے کی عادت نہیں، اس لیے غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ انہوں نے 27 ویں...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کا مینڈیٹ چوری کرنیوالوں سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، محمود خان اچکزئی

ہمارے کرتوتوں کی وجہ سے یہ ہاؤس ہم پر گر نہ جائے، آئیں ہم اکٹھے ہو جائیں، ملک کو ایک جمہوری پاکستان بنائیں

پارلیمنٹ ہی طاقت کا سرچشمہ، آئین کی بالادستی کیلئے جو بھی ترمیم لائیں ہماری غیر مشروط حمایت آپ کو حاصل ہوگی

عمران خان اچھا آدمی ہے یا بُرا آدمی ہے آپ نے اس کو کیوں وزیر بننے دیا، نامزد اپوزیشن لیڈر اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ، قومی اسمبلی میں نامزد اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے اسمبلی اجلاس...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

دہشت گردی پر تمام اداروں کو بلا کر بریفنگ لی جائے، اسحاق ڈار

افغانستان سے ایک مطالبہ کیا تھا کہ ٹی ٹی پی کو کنٹرول کریں، سینیٹ میں خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی کے حوالے سے تمام اداروں کو بلا کر بریفنگ لی جائے 2021 سے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے، پاکستان نے چار سال کے بعد...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

اسٹیٹ بینک کے ذخائر میں 2 کروڑ 20 لاکھ ڈالر کا اضافہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسٹیٹ بینک کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں اسٹیٹ بینک کے ذخائر میں 2 کروڑ 20 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے۔ رپورٹ...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر کا سگریٹ تیاری کی ڈیجیٹل نگرانی کا فیصلہ

ٹیکس چوری کی روک تھام کیلئے فیکٹریوں کی نگرانی کے احکامات

تحریری نوٹس پر مانیٹرنگ سے تمباکو کے معیار کو بہتر بنایا جا سکے گا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر)...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم، لاہور ہائیکورٹ بار کا سپریم کورٹ جانے کا اعلان

سندھ ہائی کورٹ میں بھی 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف آئینی درخواست دائر

لاہور (بیورو رپورٹ) وکلا نے 27 ویں آئینی ترمیم کیخلاف...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

ڈھاکہ: چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف چیف آف آرمی اسٹاف بنگلہ دیش جنرل وقار الزمان کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

افغانستان کے اندر کارروائی سے متعلق حکومتی سطح پر فیصلہ کریں گے، محسن نقوی

یہ نہیں ہو سکتا افغانستان سے حملے ہوں اور ہم چپ بیٹھ جائیں، وانا کیڈٹ کالج کے حملہ آور افغان شہری تھے

فیلڈ مارشل نے سری لنکا کے وزیر دفاع سے بات کی اور قائل کیا اور انہیں مکمل طور پر سیکورٹی کی یقین دہانی کرائی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ افغانستان کے اندر کارروائی سے متعلق حکومتی سطح پر فیصلہ کریں گے، یہ نہیں ہو سکتا کہ افغانستان سے حملے ہوں اور ہم چپ بیٹھ جائیں۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے سینیٹر محسن نقوی کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پاکستان...... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیاتی انتخابات: کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا سلسلہ شروع

امیدواروں کی ابتدائی فہرست 18 نومبر کو شائع، سکروٹنی 24 نومبر کو مکمل ہوگی

کوئٹہ (اے پی پی) کوئٹہ میں بلدیاتی انتخابات کے عمل کا باضابطہ آغاز ہو گیا ہے۔ الیکشن کمیشن کے ترجمان کے مطابق بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی 13 سے 17 نومبر 2025 تک متعلقہ ریٹرننگ...... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ریٹرننگ آفیسر حمزہ انجم کے پاس بلدیاتی انتخابات کیلئے امیدوار رازی خان، محمد یوسف، محمد شریف، نعمت اللہ، نور زئی اللہ نذر بادینزئی اور رحمت اللہ اچکزئی کاغذات نامزدگی جمع کرا رہے ہیں

سربراہ پاک بحریہ کا اہم دورہ بنگلہ دیش مکمل

عسکری قیادت سے بحری سلامتی و دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا

پاک بحریہ کا جنگی جہاز پی این ایس سیف چٹاگانگ میں لنگر انداز ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاک بحریہ کے شعبہ تعلقات عامہ (ڈی جی پی آر) کے مطابق چیف آف نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف کا دورہ بنگلہ دیش مکمل ہو گیا، جہاں انہوں نے اعلیٰ عسکری قیادت سے ملاقاتیں کیں اور علاقائی و بحری سلامتی سمیت دفاعی تعاون کو فروغ دینے کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ اعلامیے کے مطابق نیول...... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

انسداد دہشتگردی عدالت نے بشریٰ و دیگر ملزمان کی گرفتاری روک دی

مجھے یہ سال کوئی اچھا نہیں لگ رہا، جج، اگلے سال کی کوئی تاریخ ڈال دیں، وکلا، ڈال دی، جج کا جواب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے مختلف احتجاج پر درج مقدمات میں بشریٰ بی بی سمیت تمام ملزمان کی گرفتاری سے روک دیا، جبکہ سماعت کے دوران جج نے ریمارکس دیے کہ مجھے یہ سال کوئی اچھا نہیں لگ رہا، جس پر پی ٹی آئی وکلاء نے کہا کہ سر اگر یہ سال اچھا نہیں تو اگلے سال کی کوئی تاریخ ڈال دیں۔ جس پر جج نے اگلے سال کی تاریخ ڈال دی۔ جمعرات کو عدالت نے پی ٹی آئی کے رہنماؤں کی...... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کچھی: مسلح افراد کا پولیس تھانے پر حملہ، اہلکاروں کو یرغمال بنالیا، اسلحہ و دیگر سامان چھین لیا

حملہ آوروں کی تعداد 20 سے زائد، شدید فائرنگ، تھانے کو آگ لگا دی، سرکاری ریکارڈ سمیت تمام سامان جل کر خاکستر ہو گیا

خضدار قومی شاہراہ پر مسلح افراد کی ناکہ بندی، گاڑیوں کی چیکنگ، سردار علی محمد قلندرانی اور مولانا منظور مینگل کے قافلے کو بھی روکا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی + یو این اے) کچھی پولیس تھانہ حاجی شہر پر مسلح افراد کا ایک بار پھر حملہ، شدید فائرنگ، پولیس اہلکاروں کو یرغمال بنا لیا گیا سرکاری اسلحہ، گولیاں اور دیگر سامان ساتھ لے گئے، تھانے کو آگ لگا دی گئی سرکاری ریکارڈ جل کر خاکستر ہو گیا۔ پولیس کے مطابق ضلع کچھی کے پولیس تھانہ حاجی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

موٹاپے، ذیابیطس اور ذہنی مریضوں کو امریکا کا ویزا نہیں ملے گا

واشنگٹن (م ڈ) موٹاپے، ذیابیطس اور ذہنی مرض میں مبتلا افراد کو اب امریکا کا ویزا نہیں ملے گا۔ امریکی محکمہ خارجہ نے دنیا بھر میں امریکی سفارتخانوں کو نیا مراسلہ جاری کر دیا جس کے مطابق امریکا میں داخلے، مستقل رہائش کے خواہشمند افراد کو بیماری کی بنیاد پر ویزا جاری نہ کیے جانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مراسلے...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایران میں پانی کا بحران سنگین، تہران کے خالی ہونے کا خدشہ

دسمبر تک بارش نہیں ہوئی تو حکومت کو پانی کی تقسیم شروع کرنی پڑے گی

تہران (م ڈ) ایران کو پانی کے بدترین بحران کا سامنا ہے اور حکام نے خبردار کیا ہے کہ اگر ملک میں خشک سالی جاری رہی تو ایک کروڑ آبادی کا شہر تہران جلد ہی...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

تہران: پانی کے بدترین بحران کے باعث کیرج ڈیم خشک ہو چکا ہے

پی پی ایچ آئی بلوچستان عوام کیلئے امید کی کرن ہے، ڈاکٹر ایم بی راجہ دھاریجو

سی ای او کی چارج سنبھالنے کے بعد آفیسران و طبی عملے کو نظم و نسق اور شفافیت کو یقینی بنانے کی ہدایت

عوامی اعتماد پر پورا اترنے کے لیے ڈاکٹرز اور عملہ اپنی ڈیوٹی ایمانداری، پیشہ ورانہ لگن اور جذبہ انسانیت کے ادا کریں

کوئٹہ (پ ر) سینئر آفیسر اور ممتاز پبلک ہیلتھ پروفیشنل ڈاکٹر ایم بی راجہ دھاریجو نے PPHI بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (CEO) کا چارج سنبھالنے کے بعد کام کا آغاز کر دیا۔ انہوں نے گزشتہ روز PPHI بلوچستان کے ہیڈ آفس میں منعقدہ ڈائریکٹرز، منیجرز اور افسران کے تعارفی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر دھاریجو نے PPHI کی طبی خدمات کو مزید موثر، شفاف اور عوام دوست بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ PPHI بلوچستان صوبے کے دور دراز اضلاع کے عوام کے لیے امید کی کرن ہے، اور لوگوں کو ان کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے تمام ڈاکٹرز اور عملے پر زور دیا کہ وہ ایمانداری، پیشہ ورانہ لگن اور جذبہ انسانیت کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں تاکہ عوام کا اعتماد مزید مستحکم ہو۔ ڈاکٹر دھاریجو نے نظم و ضبط، کارکردگی پر مبنی منصوبہ بندی اور بروقت فیصلوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ادارے کی کامیابی ٹیم ورک اور اجتماعی کاوشوں پر منحصر ہے۔ اجلاس کے دوران افسران نے منیجرز اور آفیسران نے CEO کو اپنے اپنے شعبہ جات کی کارکردگی کے حوالے سے آگاہ کیا، جبکہ ڈاکٹر دھاریجو نے ادارے کی مستقبل کی ترجیحات اور اصلاحاتی اقدامات کے خدوخال بھی پیش کیے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ PPHI بلوچستان صحت عامہ کی بہتری اور عوامی فلاح کے لیے اپنی خدمات کو جدید تقاضوں کے مطابق مزید وسعت دے گا۔ قبل ازیں اجلاس میں چیف آپریٹنگ آفیسر PPHI محمد ذاکر، چیف فنانشل آفیسر PPHI بلوچستان، پبلک ہیلتھ اسپیشلسٹ، ڈائریکٹر مانیٹرنگ PPHI، چیف آڈیٹر، منیجرز، فارماسسٹ PPHI اور آفیسران نے شرکت کی

تربیتی پروگرام محکمہ کی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے گا

جامعۃ العلوم تعلیم القرآن نواں کلی میں ایڈووکیسی سیمینار کا انعقاد

قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، چینی بھی عوام کی قوت خرید سے باہر ہو گئی، شہری

بارڈر بھی بند ہے سمگلنگ بھی ختم ہو گئی ہے تو پھر چینی کی قیمتیں کیوں نیچے نہیں آ رہی ہے

دکانداروں، عام شہریوں رفیع اللہ کاکڑ، حافظ عبدالواحد، ملک طاہر، مولوی گلبدین، عبدالمالک کی مشرق سے بات چیت

کوئٹہ (امیر رپورٹر) کوئٹہ میں چینی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، چینی بھی عوام کی قوت خرید جواب دے گئی، عوامی حلقے یہ سوال اٹھا رہے ہیں کہ ماضی میں چینی کی افغانستان سمگلنگ کے باعث بلوچستان میں چینی کی قیمتیں بڑھتی رہتی تھی اب تو بارڈر بھی بند ہے اور حکام کا دعویٰ ہے کہ سمگلنگ بھی ختم ہو گئی ہے تو پھر چینی کی قیمتیں کیوں نیچے نہیں آ رہی ہے، مشرق سروے ٹیم نے شہر بھر میں جگہ جگہ گلی گلی دکانداروں، عام شہریوں سے رائے جاننے کی کوشش کی جس پر رفیع اللہ کاکڑ، حافظ عبدالواحد، ملک طاہر، مولوی گلبدین، عبدالمالک، رفیع اللہ کاکڑ و دیگر نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ شوگر ملز مالکان اور ذخیرہ اندوز مافیا کے خلاف کا گھیرا تنگ کیا جائے روزمرہ کی بنیاد پر چینی کے ڈیلرز کیخلاف کارروائی کر کے بلوچستان میں بھی چینی قیمتیں باقی صوبوں کے برابر لائی جائے۔ جس پر مشرق نمائندہ نے دکانداروں سے چینی کے متعلق معلومات حاصل کیں جس پر دکاندار نقیب اللہ کاکڑ نے بتایا 10800 روپے فی پارسل مارکیٹ میں مل رہا ہے چینی کو گاڑی میں رکھنے کیلئے مزدور کی دیہاڑی اور گاڑی کا کرایہ سمیت فی پارسل 50 کلو 11000 روپے کا ہمیں پڑ رہا ہے، فی کلو کا حساب اگر کیا جائے تو 220 روپے دکانداروں کو پڑ رہا ہے انہوں نے بتایا کہ دکان کا کرایہ الگ دیتے ہیں اس طرح بجلی کا بل بھی ڈبل آتے ہیں گیس کا بل بھی کمرشل آتی ہے، ان تمام صورتحال کو دیکھتے ہوئے دکاندار کو چینی کی فی کلو 250 روپے میں پڑے گا، دکانداروں نے مزید بتایا کہ مہنگائی کی بڑھتی ہوئی رجحان اور حکومتی ریلیف نہ ہونے کے باعث دکانداروں کے پاس ملازم رکھنے کی کوئی گنجائش نہیں ہوگی اور اس میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا جس کی تمام تر ذمہ داری ڈیلر مافیا پر عائد ہوگی، انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے شہریوں کو چینی کی قیمتوں سمیت دیگر اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی لانے پر مطالبہ کیا ہے۔

سردارزادہ میر نوروز خان لانگو انتقال کر گئے

قلات (اے این این) سردارزادہ میر نوروز خان لانگو انتقال کر گئے، مرحوم سردار رحیم داد خان لانگو کے بھتیجے چیف آف لانگو سردار نادر خان لانگو سردارزادہ میر سمیع اللہ لانگو کے کزن سردارزادہ شہید میر

شہر کی خوبصورتی، سہولیات کی بہتری کے اقدامات کیے جا رہے ہیں، ڈی سی کوئٹہ

مہر اللہ بادینی کی سرکلر پارکنگ پلازے کی چھت پر زیر تعمیر ریسٹورنٹ کے معائنے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (ن ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے آج یہاں سرکلر پارکنگ پلازہ کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے پلازہ میں جاری تعمیراتی کام اور ... مقام بنتے جا رہا ہے، جو شہر کے وسط میں بلند، کشادہ اور خوبصورت لوکیشن پر واقع ہے۔ ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی نے اس موقع پر کہا کہ یہ منصوبہ کوئٹہ کے عوام

پوسٹوں پر ٹرانسپورٹروں سے ناروا سلوک برداشت نہیں کریں گے، نور محمد شاہوانی

اسلام آباد میں دھماکے کی مذمت کرتے ہیں، نصیب اللہ بازئی

اجتماع عام کی تیاریاں تیزی سے جاری ہیں، مرتضیٰ کاکڑ

پاک چین فرینڈشپ اسپتال کو 2 میگاواٹ بجلی کی فراہمی کیلئے تیاریاں مکمل

بجلی کی ترسیلی لائنوں اور متعلقہ انفراسٹرکچر کی تعمیر نومبر 2025 کے پہلے ہفتے میں مکمل کر لی گئی ہیں

لائنیں مرکزی گرڈ اسٹیشن سے ایک مخصوص فیڈر تک بچھائی گئی ہیں تاکہ اسپتال کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے

گوادر (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے پاک۔چین فرینڈشپ اسپتال (پی سی ایف ایچ) گوادر کو 2 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ بجلی کی ترسیلی لائنوں اور متعلقہ انفراسٹرکچر کی تعمیر نومبر 2025 کے پہلے ہفتے میں مکمل کر لی گئی، میگاواٹ بجلی کی فراہمی سے پاک۔چین فرینڈشپ اسپتال کے تمام طبی آلات اور شعبے اپنی بہترین استعداد کے مطابق کام کر سکیں گے۔ گوادر پرو سے گفتگو کرتے ہوئے اسپتال کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ بجلی کی ترسیلی لائنیں مرکزی گرڈ اسٹیشن سے ایک مخصوص فیڈر تک بچھائی گئی ہیں تاکہ اسپتال کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ بجلی کی عدم دستیابی کے باعث اب تک اسپتال کی توانائی کی ضروریات کسی حد تک ڈیزل جنریٹر کے ذریعے پوری کی جا رہی تھیں، جس کی ماہانہ آپریٹنگ لاگت تقریباً 20 لاکھ روپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے اسپتال میں نصب بھاری طبی مشینری غیر فعال رہی۔ پاک۔چین فرینڈشپ اسپتال (پی سی ایف ایچ) گوادر، جون 2024 میں اپنے قیام کے بعد سے، اب تک گوادر اور بلوچستان کے مختلف علاقوں کے دو لاکھ بارہ ہزار سے زائد غریب مریضوں خصوصاً خواتین اور بچوں کو آؤٹ پیشنٹ (او پی ڈی) اور ایمرجنسی شعبوں میں بہترین مفت طبی سہولیات فراہم کر رہا ہے۔

چائنا ایڈ نے اورماڑہ کی غوث بہار لائبریری کو سولر سسٹم فراہم کر دیا

جلد ہی اس نظام کی تنصیب کا آغاز کیا جائے گا تاکہ اسے مکمل طور پر فعال بنایا جا سکے

جی احمد شاہ اچکزئی انتقال کر گئے

کوئٹہ (پ ر) حاجی احمد شاہ اچکزئی انتقال کر گئے۔ وہ حاجی پہلوان اچکزئی، حاجی یحییٰ اچکزئی، سلیمان اچکزئی، حاجی شفیع اچکزئی کے بھائی

پی پی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرے گی، بلند خان جوگیزئی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار سربلند خان جوگیزئی نے پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر بلال احمد مندوخیل سے ملاقات کی۔ ملاقات میں کوئٹہ کے بلدیاتی انتخابات سمیت ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے پارٹی کو مزید فعال بنانے اور آئندہ سیاسی حکمت عملی پر مشاورت کی۔ سردار سربلند جوگیزئی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی۔

وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں، جہانگیر شاہ

ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی پرانی بوسیدہ بسوں کے خلاف کارروائی

ڈاکٹر شکیل روشن جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر مقرر

درہ ماندہ میں لگائے گئے چار ٹیوب ویل جلد فعال کیے جائیں گے، ایم ڈی واسا

پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی، اسلام آباد

PEMRA

تاریخ میں توسیع

صوبہ بلوچستان، سندھ اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں ایف ایم ریڈیو براڈ کاسٹ اسٹیشن کے لائسنس کے اجراء کیلئے درخواستوں کی وصولی

بحوالہ اشتہار پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی پیمرا آرڈیننس 2002 ترمیم شدہ پیمرا (ترمیمی) ایکٹ 2023 کی سیکشن 19 کے تحت صوبہ بلوچستان، سندھ اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں ایف ایم ریڈیو براڈ کاسٹ اسٹیشن کے لائسنس کے اجراء کیلئے درخواستوں کی وصولی، جو کہ قومی اخبارات میں 12 اکتوبر 2025 کو شائع ہوا تھا، میں درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں 15 دسمبر 2025 (1500 Hrs) تک توسیع کر دی گئی ہے۔ تاہم، خیبر پختونخوا کیلئے درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ حسب سابق یعنی 14 نومبر 2025 ہی رہے گی۔ دیگر شرائط و ضوابط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔

ڈائریکٹر جنرل لائسنسنگ (براڈ کاسٹ میڈیا۔ ایف ایم)
پیمرا ہیڈ کوارٹرز، 4th فلور، ماوڈ ایریا، G-8/1، اسلام آباد
فون نمبر: 051-9107161، 051-9107151، فیکس: 051-9107165

PID(I)4038/25

ADMISSION FOR CLASS-VII, YEAR 2026 (40TH ENTRY)

1. Cadet College Mastung (an English Medium Residential Education Institution) announces admission in class 7th for the year 2026.
2. **Eligibility**. The Candidates must have passed at-least Class-VI Examination from a recognized school **Must not be under 11 and over 13 Years of age till 28.02.2026** and candidate must be medically fit.
3. **Selection**. Admissions are granted strictly on the basis of merit, which will be determined through written examination and interview. Weightage of written test is 75% and of Interview is 25%. The written test will be conducted from Balochistan Text Book Board 2025 syllabus of class 6th standard, comprising General Science, English, Urdu and Maths.
4. **Intimation of Written Test.** Date, time, location and testing agency of written test will be intimated through roll number slips which can be downloaded from the College web site, by **04 January 2026**.
5. **Interview.** Interview of shortlisted candidates (as per merit of written test) will be conducted at Cadet College Mastung by a penal headed by Principal Cadet College Mastung followed by medical examination. Appearing in interview on specific date and time is mandatory for all successful candidates. Any candidate not reporting for interview on due date will not be entertained afterwards on any pretext. Date and time of Interview will be communicated on College website and on telephone after written test.
6. **Allocation of Seats**

a.	Balochistan (District Wise)	65 (further distribution available on CCM Website)
b.	Employees son Quota	02
c.	Minorities	02
d.	Other Provinces (01-each)	05 (KPK, Punjab, Sindh, Gilgit and AJK)
e.	Open Merit	06
f.	Self Finance	06
	Total	**86**

7. **Registration Form:**
a. **Online Registration.** The Registration Form is available on the College web site www.cadetcollegemastung.edu.pk and can be submitted on line only.
b. Registration Fee **Rs. 3000/=** to be deposited in online Account No. **(2317)3150643307** of National Bank of Pakistan (Cadet College Mastung Branch). Fee challan can be downloaded from college web site after filling the application online. The same after depositing the fee will be uploaded by candidate in JPG format before finally submitting the application.
8. **Last date for submission of online applications is 14th December 2025.**
Note: No application form will be entertained after closing date.
9. **Intimation of Final Selection**: The selected candidates will be intimated through publication of merit list on website of Cadet College Mastung. Selected candidates will be given 03 days to deposit fee. If fee not deposited by due date, next candidate will be selected.

Ph. #. (0843) 895446-895020 **Fax #. (0843) 895461**

**ADMIN OFFICER FOR PRINCIPAL
CADET COLLEGE MASTUNG**

AB No.462/13-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

انٹرویو برائے بھرتی ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی

بحوالہ دفتر ہذا کے اشتہار نمبر PRQ No 2038/21-10-2025 کے تحت جو مندرجہ ذیل آسامیوں پر کرنے کیلئے ضلع لورالائی کے لوکل / ڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں طلب کی گئی تھیں ان کے انٹرویو ہر آسامی کے سامنے درج ذیل تاریخ کو منعقد ہوں گے۔ تفصیل درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	آسامی اور درجہ	تعداد آسامی	تاریخ انٹرویو	وقت اور مقام
1	ڈرائیور (BPS -05)	02	19-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
2	مالی (BPS -01)	02	19-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
3	سویپر (BPS -01)	03	19-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
4	چوکیدار (فکسڈ)	01	20-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
5	مالی (فکسڈ)	01	20-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
6	نائب قاصد (فکسڈ)	01	20-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی
7	سویپر (فکسڈ)	01	20-11-2025	صبح 09:00 بجے بمقام ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی

شرائط و ضوابط: (1) تمام امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ انٹرویو کے دن اپنے تمام اصل کاغذات اور اصل شناختی کارڈ کے ہمراہ ریکروٹمنٹ کمیٹی کے روبرو پیش ہوں۔
(2) انٹرویو میں آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ (TA/DA) نہیں دیا جائے گا۔

ڈپٹی کمشنر
لورالائی

PRQ No 2407/13-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The procurement of works listed below for which Notice Inviting Tender on sealed percentage rates based on CSR 2023 Govt: of Balochistan are invited from interested Contractors / Firms with detailed terms & conditions are given below. The tender fee Rs.2000/- will be deposited through green challan in the National Bank of Pakistan Pishin Branch under the head of account **C-02716 (Building CWPP&H Receipt) at the rate shown against each** work as mentioned below:- **EARNEST MONEY** 3% of the Bid cost in the shape of a call deposit, **DATE OF COMPLETEION**30TH JUNE 2028 **RELEVANT CATEGORY** C-5 & Above

S.#	NAME OF WORK.	E/COST
1.	CONSTRUCTION OF ASSISTANT COMMISSIONER RESIDENCE AT HURRAMZAI DISTRICT PASHIN **TSE-252611910573**	41,270,000/-

Eligibility of Bidders Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. Presence in Active Taxpayer List (ATL) is mandatory. The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan. Balochistan Revenue Authority (BRA) Registration is required. The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work 100% of the estimated cost. Turn over of at least 85% Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above In Relevant Category. CDR @ 3% of estimated Cost 3 Assignment of similar nature of work and complexity completed in previous 3 years 100% of the Estimated Cost Green Chalan @ Rs.5000 **Method of Procurement** Single Stage, Two Envelope Procedure. **Bid Security** The bid must include a Call Deposit Receipt (CDR) in the amount specified, issued in the name of the undersigned, from a scheduled bank under the contractor's title account. Fake Call Deposits will result in blacklisting of the firm. **Tender Documents** Can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk. Last Date for Bid Submission: 28th November, 2025, by 10:00 AM. Tender Opening: 28th November, 2025, at 11:00 AM Financial bids opening date will be announced later. **Additional Conditions** Bid security (CDR) for technically non-responsive bidders will be returned within 30 days. Bid Validity Period: 90 days. An affidavit on non-judicial stamp paper (PKR 100/-) must declare and also for the same work and in the name of undersign : The firm has never been blacklisted. All documents and information submitted are true and correct, must be reach in office of the undersign prior to bid opening Documents will be verified from relevant authorities. Contractors who failed to complete previous projects without valid reasons are ineligible to participate. **For any queries, please contact the Executive Engineer, Building Communication Works, PP&H, District Pishin Office through one of the following: Contact Number: 03013239187**

**EXECUTIVE ENGINEER-BUILDING
Communication Works PP&H
District Pishin.**

PRQ No.2391/13-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

وفاقی حکومت کا 27ویں آئینی ترمیم پاس کرنا خوش آئند ہے، میر سلیم کھوسہ

بلوچستان پسماندہ صوبہ ضرور ہے، وفاق کی جانب سے اس پر توجہ دینے سے مسائل میں کمی آنا شروع' وزیر مواصلات

اپوزیشن کا ترامیم کو متنازعہ بنانا درست نہیں ہے، اپوزیشن کو مشورہ ہے کہ وہ ترامیم کو مکمل طور پر مطالعہ کریں، اظہار خیال

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی جانب سے 27ویں آئینی ترمیم پاس کرنا خوش آئند ہے جس کے آنے والے وقت میں مثبت اثرات مرتب ہوں گے بلوچستان پسماندہ صوبہ ضرور ہے لیکن وفاقی حکومت کی جانب سے اس پر توجہ دینے کے بعد مسائل میں کمی آنا شروع ہوگیا ہے یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے بھارت اور افغانستان ملکر ملک کے مختلف علاقوں میں واقعات کررہی ہے جو ہمارے سیکورٹی فورسز فرنٹ لائن پر آ کر اس کو ناکام بنانے کی کوششوں میں مصروف ہے اور کئی ایسے واقعات کو ناکام بنادیئے ہیں جو ہمارے دشمنوں نے اس منصوبے کے لیے بڑی سازش اور رقم بھی خرچ کی لیکن اللہ کے فضل سے ہماری بہادر افواج نے ہمیشہ اسی طرح واقعات کو ناکام بنادیا اور مزید بھی ناکام بنائیں گے دشمن کے لیے مشورہ ہے کہ وہ سازشیں کرنے کی بجائے اپنے ممالک پر توجہ دیں نہ ہونے کی صورت میں پاکستان بھی مجبور ہوکر ایسا جواب دینگے جو وہ ہمیشہ یاد رکھیں گے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے جو 27ویں آئینی ترمیم منظور کیا ادارے خود مختار اور پارلیمنٹ اپنی فیصلوں پر آزاد ہوگی اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے تنقید کرنا ان کا جمہوری حق ہے لیکن اس طرح ترامیم کو متنازعہ بنانا درست نہیں ہے بلکہ اپوزیشن کے لیے بھی یہی مشورہ ہے کہ وہ ترامیم کو مکمل طور پر مطالعہ کریں اور اس کے بعد اعتراضات کریں۔

پشتونوں پر روزگار کے دروازے بند نہ کئے جائیں، منظور خان کاکڑ

کراچی اور اندرون سندھ میں مقیم پشتونوں سے ناروا سلوک کیا جا رہا ہے

100 سال سے آباد پشتونوں کو تیسرے درجے کا شہری سمجھ کر رویہ برتا جا رہا ہے

کراچی (پ ر) صدر آل کاکڑ قبائل فیڈریشن سردار منظور احمد خان کاکڑ نے پشتونوں سے امتیازی سلوک روا رکھے جانے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا عرصہ دراز سے کراچی اور اندرون سندھ میں مقیم پشتونوں سے ناروا سلوک کیا جارہا ہے انہوں نے کہا 100 سال سے آباد پشتونوں کو تیسرے درجے کا شہری سمجھ رکھا ہے پاکستان کی غلط خارجہ پالیسی اور اندرونی ملکی پالیسی کی وجہ سے پشتونوں کو کراچی سے بے دخل کرنے کی سازشیں کی جارہی ہیں اور ان کا معاشی قتل عام کیا جارہا ہے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے کہا کراچی میں 95 لاکھ پشتون آباد ہیں اور یہ اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو بھی تیار ہیں انہوں نے کہا گزشتہ دنوں طارق روڈ پر پشتونوں کی دکانوں سے کروڑوں روپے کا سامان جس بے دردی سے لوٹا گیا اس کی مثال نہیں ملتی ان پر کاروبار کے دروازے بند کیے جارہے ہیں جبکہ یہ کاروباری حضرات حکومت کو اربوں روپے کا ٹیکس ادا کرتے ہیں پولیس کے بعد اب کسٹم جو کہ ایک بدنام زمانہ ادارہ ہے جس نے ڈیوٹی کی مد میں حکومت پاکستان کے کھربوں روپے ہڑپ کیے آج تک ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی

سرجن ڈاکٹر محمد اکرام عالم انتقال کرگئے، فاتحہ خوانی کوئٹہ میں ہوگی

کوئٹہ (پ ر) سابق پبلک اینالسٹ محمد سرفراز عالم، سابق وائس پرنسپل شگفتہ [illegible] انٹر کالج سمنگلی کوئٹہ کے صاحبزادے، زبیر عالم کے بڑے بھائی بولان میڈیکل کالج و ہسپتال ڈیپارٹمنٹ آف میڈیکل ایجوکیشن کے اسسٹنٹ پروفیسر و سینئر ڈینٹل سرجن ڈاکٹر محمد اکرام عالم 3 نومبر کو بقضائے الٰہی کراچی میں انتقال کر گئے۔ جنہیں کراچی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ وہ سید سدا ریاض علی سید اعجاز علی سید دولت علی کے بھانجے، محمد وقار وقار عالم (راشد) کے بھتیجے تھے

تعلیمی معیار کی بہتری اور ملازمین کی فلاح اولین ترجیح ہے، وائس چانسلر جامعہ گوادر

مالی نظم و نسق کو مزید مضبوط بنانے، غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے اور ادارہ جاتی ترقی کیلئے پائیدار حکمت عملی اپنانا ہوگی

جامعہ نے انتہائی کم مدت میں قابل ذکر ترقی کی، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کا فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی اجلاس سے خطاب

گوادر (خ ن) گوادر یونیورسٹی کی فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کا ساتواں اجلاس پاک چائنہ ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹیٹیوٹ، گوادر یونیورسٹی میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی زیر صدارت ہوا۔ جس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، رجسٹرار دولت خان، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رحیم بخش مہر، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، ڈائریکٹر کیو ای سی ڈاکٹر رابعہ اسلم، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی لیکچرر محترمہ شہناز نور اور فنانس ڈائریکٹر رحمت اللہ سمیت محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان کا نمائندہ وشیر احمد، نمائندہ ایچ ای سی اسلام آباد ارسلان مجید اور گورنر سیکرٹریٹ سے حافظ انور نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ کمیٹی نے مالی و انتظامی امور پر غور کیا اور متعدد اہم نکات کی منظوری دی، جن میں 15 مئی 2025 کو منعقدہ پچھلے اجلاس کی کارروائی اور اس پر عملدرآمد رپورٹ کی توثیق، مالی سال 2024-25 کے اخراجات کی منظوری، شامل تھے۔ مزید برآں، کمیٹی نے کنٹریکٹ اساتذہ کے لیے نظرثانی شدہ پیکیج، مستقل ملازمین کے لیے ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2025، اور ایم ایس/ایم بی اے پروگرامز کی فیس کی منظوری دی۔ اجلاس میں اراکین نے یونیورسٹی کے مالی نظم و نسق کو مزید مضبوط بنانے، غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے اور ادارہ جاتی ترقی کے لیے پائیدار حکمت عملی اپنانے پر تفصیلی گفتگو کی۔ ممبران نے بجٹ تخمینہ 2025-26 کے لیے بھی تجاویز دیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے اس موقع پر کہا کہ مالی نظم و ضبط، تعلیمی معیار میں بہتری اور ملازمین کی فلاح و بہبود یونیورسٹی آف گوادر جیسے

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے میر احمد خان کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

گوادر یونیورسٹی میں بی ایس کمپیوٹر سائنس پروگرام کا آغاز جنوری میں ہوگا

بی ایس آرٹیفیشل انٹیلیجنس کو جامع پروگرام بی ایس کمپیوٹر سائنس میں ضم کیا گیا

سمندری ماحولیاتی نظام کی نگرانی، حیاتیاتی تنوع کا تحفظ ترجیح ہے، وائس چانسلر

کراچی (ملک عامر سے) یونیورسٹی آف گوادر بیچلر آف سائنس ان کمپیوٹر سائنس (CS BS) پروگرام کا آغاز اسپرنگ 2026 سمسٹر سے کررہی ہے، جس میں دو اہم تخصصات شامل ہیں جس میں مصنوعی ذہانت (Artificial Intelligence) اور انفارمیشن ٹیکنالوجی (TechnologyInformation)۔ شامل ہیں۔ یہ پروگرام ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے نئے نصاب "ComputerBS 2025CurriculumScience" کے مطابق تشکیل دیا گیا ہے۔ نئے نصاب کے تحت تمام کمپیوٹنگ ڈگری پروگرامز بشمول بی ایس انفارمیشن ٹیکنالوجی، بی ایس ڈیٹا سائنس اور بی ایس آرٹیفیشل انٹیلیجنس کو ایک جامع پروگرام بی ایس کمپیوٹر سائنس میں ضم کیا گیا ہے۔ اس نئے ڈھانچے کے تحت طلباء اپنی دلچسپی اور مہارت کے مطابق مختلف تخصصات، جیسے مصنوعی ذہانت اور انفارمیشن ٹیکنالوجی، کا انتخاب کر سکیں گے۔ یونیورسٹی آف گوادر کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے مصنوعی ذہانت کی انقلابی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا: ''مصنوعی ذہانت اب مستقبل کا تصور نہیں رہی بلکہ یہ جدت، اقتصادی ترقی اور قومی مسابقت کی محرک قوت بن چکی ہے

زاوہ موڑ پر ڈکیتیوں میں اضافہ، ٹرانسپورٹرز کا شدید ردعمل

پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہے، آل ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ خان بازئی، سیکریٹری جنرل حاجی میر اکبر لہڑی، نائب صدر حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دہوار، حاجی علی محمد اور حاجی ابراہیم نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ، بالخصوص زاوہ موڑ پر ڈکیتی اور راہزنی کی بڑھتی ہوئی وارداتیں انتہائی تشویشناک صورتحال اختیار کر چکی ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ مسلح افراد روزِ روشن میں کوچوں اور بسوں کو روک کر مسافروں سے قیمتی سامان، موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہو جاتے ہیں، جبکہ پولیس خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ کوئی مؤثر کارروائی سامنے نہیں آرہی، جس سے عوام اور ٹرانسپورٹرز میں شدید خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس بھتہ لینے میں تو فعال ہے مگر عوام کے جان و مال کے تحفظ میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے شاہراہوں پر گشت کے بجائے صرف چیک پوسٹوں پر ٹرانسپورٹرز سے ناجائز وصولیاں کر رہے ہیں، جو لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب سے لیویز فورس کو پولیس میں ضم کیا گیا ہے، امن و امان کی صورتحال بگڑ گئی ہے۔ پہلے لیویز اہلکار مقامی علاقوں سے واقف اور عوام کے قریب تھے، جس کے باعث جرائم کی روک تھام ممکن تھی، لیکن اب پولیس کے غیر مؤثر نظام نے پورے خطے کو غیر محفوظ بنا دیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ اگر حکومت بلوچستان اور اعلیٰ پولیس حکام نے فوری طور پر اس سنگین صورتحال کا نوٹس نہ لیا تو آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی احتجاجی تحریک، پہیہ جام ہڑتال اور شاہراہوں کی بندش کا اعلان کرنے پر مجبور ہوگی۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مستقل سیکیورٹی چوکیاں قائم کی جائیں۔

رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک مندوخیل سے مسلم لیگ ق کے مرکزی رہنما الیاس آرائیں ملاقات کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

ٹریفک قوانین کی پابندی ہی تحفظ کی ضمانت ہے، موٹروے پولیس

کوئٹہ (اے پی پی) موٹروے پولیس کے افسران کی جانب سے نیشنل انسٹیٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن (نیپا) کوئٹہ میں روڈ سیفٹی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن میں طلبا کو ہیلمٹ کے استعمال، سیٹ بیلٹ کی اہمیت، روڈ کراسنگ کے اصول، ٹریفک سائن بورڈز اور دیگر ٹریفک قوانین کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ موٹروے پولیس کے افسران نے اپنے خطاب میں کہا کہ ٹریفک قوانین کی پابندی شہری ذمہ داری کے ساتھ ساتھ اپنی اور دوسروں کی جان کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ انہوں نے طلبا پر زور دیا کہ وہ عملی زندگی میں

اسلام آباد دھماکے کی تحقیقات جاری، جدید حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے، طلال چوہدری

وفاقی دارالحکومت کو مزید محفوظ اور منظم بنانے عوامی سہولیات کی فراہمی کیلئے حکومت نے اہم منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے

نئے سروے سے انتظامیہ کو یہ معلوم کرنے میں مدد ملے گی کہ وفاقی دارالحکومت کے کس علاقے میں کون رہائش پذیر ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت کو مزید محفوظ اور منظم بنانے کے لیے حکومت پاکستان نے ''سکیور ہیبر ہوڈ'' کے نام سے ایک اہم منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت اسلام آباد میں گھر گھر سروے کیا جائے گا تاکہ ہر علاقے میں رہائش پذیر افراد کا مکمل ریکارڈ مرتب کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ آئی جی اسلام آباد علی ناصر رضوی اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن بھی تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت نے کہا کہ اسلام آباد کچہری کے باہر ہونے والے حالیہ دھماکے کی تحقیقات جاری ہیں تاہم مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے جدید حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ''سکیور ہیبر ہوڈ'' کے تحت کیے جانے والے سروے سے انتظامیہ کو یہ معلوم کرنے میں مدد ملے گی کہ وفاقی دارالحکومت کے کس علاقے میں کون رہائش پذیر ہے۔ اس اقدام سے نہ صرف سیکورٹی اداروں کو سہولت حاصل ہوگی بلکہ جرائم کی روک تھام اور عوام کے تحفظ کو بھی یقینی بنایا جا سکے گا۔ طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد میں گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے لیے الیکٹرانک ٹیگنگ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے جس کے بعد کسی بھی گاڑی کی نقل و حرکت کو مانیٹر کیا جا سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی انتظامی ذمہ داریاں دیگر شہروں کے مقابلے میں زیادہ ہیں کیونکہ یہاں سفارتخانے، غیر ملکی شہری اور اہم سرکاری دفاتر موجود ہیں

پنجگور، گوارگو پوژیان میں مسلح افراد نے ایک شخص کو اغوا کرلیا

پنجگور (یو این اے) تحصیل گوارگو پوژیان کے علاقے میں نامعلوم مسلح گاڑی سواروں نے ایک شخص کو اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے۔ مقامی ذرائع کے مطابق اغوا ہونے والے شخص بختیار احمد ولد محمد عثمان کھیتوں کے کام سے وابستہ تھا۔ مقامی عوام نے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اغوا کرنے والے ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے اور متاثرہ شخص کو بحفاظت بازیاب کروایا جائے۔ علاقے میں اس واقعے کے بعد شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔

پنجگور میں بارڈر کی بندش کیخلاف آل پارٹیز کا اجلاس

بارڈر سے منسلک یونین کیساتھ ملکر احتجاج کریں گے، اعلامیہ

